SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**February 24, 2017**
***For immediate release***

اسلامک فنانس سینٹر نے دوماہ میں 14 ملین روپے کی فنانسنگ فراہم کی

اسلام آباد(۲۴فروری) حال میں میں راولپنڈی میں قائم کئے جانے والے اسلامک فنانس سینٹر نے صرف دومیں کے قلیل عرصے میں عوام کوایک کروڑ چالیس لاکھ روپے کی فنانسنگ فراہم کی۔ موٹر سائکل اور دیگراشیا کے لئے مکمل طور پر اسلامک فنانسنگ کے اجراماڈل کے تحت کی گئی۔

سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے چیئرمین ظفر حجازی نے گزشتہ برس دسمبر میں اس اسلامی فنانس مرکز کاافتتاح کیاتھا۔ عوام الناس کو سستی اور سود سے پاک فنانسگ فراہم کرنے کے لئے مضاربہ سیکٹر کی جانب سے قائم کیاگیا۔ابتدامیں اس مرکزمیں چار مضابہ کمپنیوں بشمول الائیڈرینٹل مضاربہ ،فرسٹ حبیب مضاربہ ،اور یکس مضاربہ اورٹرسٹ مضاربہ نے اپنے دفاتر قائم کئے ہیں۔

اسلامی فنانس مرکزچیئرمین ایس ای سی پی ظفر حجازی کی تجویزاور کاوشوں کا نتیجہ ہے جس کا مقصد عوام کو سستی فنانسنگ فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ غیر قانونی فنانسنگ اور سود کے غیر قانونی کام کوروکنا ہے۔ عوام کی جانب سے اسلامی فنانس مرکز کے منصوبے کو سراہاگیااور عوام نے اسلامی فنانسنگ کے تحت سرمایہ کے حصول کے لئے بڑی تعداد میں رجوع کیا۔ اسلامی فنانس مرکز دیگر عمومی ذرائع کے مقابلے میں کم شرح پر سرمایہ فراہم کررہا ہے۔

ایس ای سی پی نے تمام مضاربہ کمپنیوں موملک کے دیگر شہروں میں بھی ایسے مراکز قائم کرنے کے لئے مکمل تعاون فراہم کرنے کے عزم کااظہار کیا ہے۔اسلامی فناس کے مراکز قائم ہونے سے عام شہریوں کو سرمائے تک رسائی آسان ہو جائے گی جبکہ غیر قانونی فنانسنگ اک راستہ بھی رک جائے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254